نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے اعداد و شمار

لاہور،25اکتوبر 2019ء:

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں جاری 10 روزہ ایونٹ میں 674 مرتبہ گیند باؤنڈری کے باہر گئی۔ جس میں 484 چوکے اور 190 چھکے شامل تھے۔

190میں30 فیصد چھکے ناردرن کے بلے بازوں نے جڑے، جس میں مڈل آرڈر بلے باز آصف علی نے مرکزی کردار ادا کیا۔ انہوں نے ناردرن کی جانب سے لگائے گئے 56 میں سے 19 چھکے جڑے۔آصف علی نے ایک اننگز میں 10 چھکے لگائے۔

ایونٹ کی رنرزاپ ٹیم بلوچستان نےسب سے زیادہ،109،چوکے لگا ئے۔

نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کےدوران 18 میچوں میں5448 رنز اسکور کیے گئے، جس میں 26 نصف سنچریاں اور 2 سنچریاں شامل تھیں۔ ایونٹ کی دونوں سنچریاں سنٹرل پنجاب کے بلے بازوں کے نام رہیں، جس میں بابراعظم اور احمد شہزاد کے نام شامل ہیں۔

محمد عامر، سہیل تنویر، حارث رؤف، موسیٰ خان، عماد وسیم اور شاداب خان کی موجودگی میں ناردرن کے پاس ایونٹ کی سب سے مضبوط باؤلنگ لائن اپ تھی، جنہوں نے ایونٹ میں 59 بار حریف کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ایونٹ میں کل 221 وکٹیں گریں۔

عماد وسیم، کپتان ناردرن کرکٹ ٹیم:

ایونٹ کے چیمپئن کپتان عماد وسیم نےکہا کہ ناردرن کرکٹ ٹیم کی بیٹنگ اور باؤلنگ ایونٹ میں شامل تمام ٹیموں سے بہتر تھی اور یہی ان کی جیت کی وجہ رہی۔

انہوں نے کہا کہ ٹیم میں شامل ہر کھلاڑی نے اس ایونٹ کو ایک انٹرنیشنل ٹورنامنٹ سمجھ کر کھیلا۔

نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں صرف ایک مرتبہ کسی باؤلر نے 5 وکٹیں حاصل کیں۔
خیبرپختونخوا کے فاسٹ باؤلر عثمان شنواری نے یہ کارنامہ ناردن کے خلاف سیمی فائنل میں انجام دیا۔ 13 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنے کے باوجود عثمان شنواری میچ میں اپنی ٹیم کو کامیابی نہ دلاسکے۔

6میچوں میں 215 رنز اور وکٹوں کے پیچھے 6 شکار کرنے والے خیبرپختونخوا کےکپتان محمد رضوان کو ایونٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ محمد رضوان نے ایونٹ میں 2 نصف سنچریاں اسکور کیں۔

ایونٹ میں14وکٹیں حاصل کرنے والے ناردرن کےتجربہ کار میڈیم پیسر سہیل تنویر کو بہترین باؤلرجبکہ276 رنز بنانے والےبلوچستان کے اوپنراویس ضیا ءنے ٹورنامنٹ کے بہترین بیٹسمین کا ایوارڈ اپنے نام کیا۔

ناردرن کےروحیل نذیر کوٹورنامنٹ کے بہترین وکٹ کیپر کا ایوارڈ دیا گیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk